

Leeds CITY COUNCIL

Voluntary Action Leeds
Supporting Communities Together



**CORONAVIRUS**

**STAY HOME**
**PROTECT**
**THE NHS**
**SAVE LIVES**



صاحب خانہ کی توجہ کے لیے

## کیا آپ کو مدد اور حمایت کی تلاش میں مشکل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

لیڈز سٹی کونسل کرونا وائرس کی عالمگیر وبا کے دوران وولنٹری ایکشن لیڈزاور مقامی تنظیموں کے ساتھ ملکر کام کر رہی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ہراس شخص کوجسے اضافی مدد درکار ہو فراہم کی جائے۔

### کیا میں مدد کا حقدار ہوں؟

اگرآپکی فیملی یا دوست نہیں ہیں جو کہ آپ کی مدد کر سکتے ہوں تو آپکو ہماری طرف سے مدد او حمایت مہیا کی جا سکتی ہے۔

- آپ کوئی اکیلے شخص یا اس فیملی کے ممبر ہیں جو کہ گھر کے کسی فرد کے بیمار(زیادہ بخار اور/یا مسلسل نئی کھانسی) ہونے کے سبب الگ تھلگ ہو رہے ہیں۔
- آپ صحت کے مسائل سے دوچار ہیں اوراین ایچ ایس نے آپکو الگ تھلگ ہونے کا مشورہ دیا ہے۔
- آپ کو نیشنل گائیڈلائن کے مطابق گھر پر رہنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔
- سواد سلف خریدنے، دوا لانے یا دیگر ضروری اشیاء لانے کے لیے آپ کو گھر سے باہر جانے میں مشکل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

اگر آپ اپنی ضروری اشیاء کے لیے رقم کی ادائیگی کر سکتے/سکتی ہیں تو آپ ضرور کریں۔ تاہم وہ لوگ جو رقم ادا کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے ان کے لیے ہمارے پاس بندوبست موجود ہے۔

.....آگے جاری ہے



## کونسی مدد دستیاب ہے؟

ممکن ہے آپ کو اپنے کسی واقف کار ہمسائے سے جس پر آپ کو اعتماد ہے پہلے ہی سے مدد مل رہی ہو یا آپ کے علاقہ میں موجود مقامی تنظیمیں آپ کی ضروریات پوری کر رہی ہوں۔

اگر ایسی صورتحال نہیں ہے تو لیڈز سٹی کونسل نے اپنے پارٹنر وولنٹری ایکشن لیڈز کے ساتھ ایک رضاکارانہ بندوبست قائم کیا ہوا ہے جو کہ آپ کو مدد فراہم کر سکتا ہے۔

یہ مدد لیڈز سٹی کونسل اور ہمارے کمیونٹی کیئر وولنٹیئرز (رضاکاروں) کی طرف سے جو کہ آپ کے اپنے ہی علاقہ میں مقامی تنظیموں کے ساتھ تیار کردہ لیڈز سٹی کونسل کے بہت سے منظور شدہ مراکز سے مہیا کی جائے گی۔

ہمارے وولنٹیئرز ہمارے ساتھ رجسٹرڈ ہوں گے اور لیڈز سٹی کونسل کے بیج اور خط کے ذریعہ جس پر لیڈز سٹی کونسل کا لوگو ہوگا، ان کی واضح شناخت کی جا سکے گی۔ آپ اس نمبر پر فون کر کے ان کی شناخت کی تصدیق کر سکتے/سکتی ہیں۔ براہ کرم اطمینان رکھیں کہ آپ اور ان کے تحفظ کے لیے وولنٹیئرز اور ایل اے سی کا عملہ سماجی دوری کی ہدایات پر عمل کرے گا اور قومی اصولوں کے مطابق صفائی کے اچھے اصولوں کا خیال رکھے گا۔

وہ چیزیں جن میں ہمارے وولنٹیئرز مدد فراہم کر سکتے ہیں حسب ذیل ہیں:

- کمیونٹی میں لوگوں کو خوراک اور دیگر ضروری اشیاء پہنچانا۔
- یہ معلوم کرنا کہ آپ کیسے ہیں اور فون پر آپ کے ساتھ بات کرنا
- وصولی کے دن کوڑے دان باہر رکھنا۔
- کتوں کو چہل قدمی کروانا۔
- ڈاک پوسٹ کرنا۔

## میں کیسے مدد حاصل کر سکتا ہوں؟

اس وقت تک انتظار نہ کریں جب آپ کی ضروریات اشد ضروری ہو جائیں کیونکہ ہمیں اپنے کمیونٹی کیئر وولنٹیئر کے وزٹ کی منصوبہ بندی کرنی پڑے گی۔

اگر آپ ہمارے وولنٹیئرز سے مدد اور حمایت حاصل کرنا چاہتے ہوں تو مہربانی فرما کر ہمارے ساتھ اس نمبر پر رابطہ کریں۔

**0113 378 1877**

اگر آسان ہو تو آپ کسی دوسرے شخص سے بھی فون کروا سکتے ہیں۔ ***اگر آپ نے اس نمبر پر پہلے ہی فون کر کے مدد کا بندوبست کر لیا ہو تو آپ کو دوبارہ فون کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔***

## اس کے بعد کیا ہو گا؟

جب آپ ہمارے ساتھ رابطہ کریں گے تو لیڈز سٹی کونسل آپ کی معلومات آپ کے مقامی وولنٹیئر مرکز کو فراہم کر دے گی۔ وہ آپ کے ساتھ رابطہ کریں گے اور آپ کو مدد فراہم کرنے کے لیے کمیونٹی کیئر وولنٹیئر کا بندوبست کریں گے۔

## اگر میں کمیونٹی کیئرز وولنٹیئر کے طور پر رجسٹرڈ ہونا چاہوں تو مجھے کیا کرنا ہو گا؟

وولنٹری ایکشن لیڈز کی اس ویب سائٹ پر رجسٹر ہوں: **www.doinggoodleeds.org.uk**

فون: **0113 2977920**

ای میل: **info@val.org.uk**

